ترکی مسئلہ کشمیر کا جلد از جلد پر امن طریقے سے حل کرنے کا خواہاں ہے: سفیرِ پاکستان

ترکی مسئلہ کشمیر کا جلد از جلد پر امن طریقے سے حل کرنے کا خواہاں ہے۔ ترکی نے ہمیشہ ہی مسئلہ کشمیر کے بارے میں ہونے والے مذاکرات کی حمایت کی ہے۔ ترکی تنظیم اسلامی کانفرنس میں "کشمیر کنٹیکٹ گروپ" کا رکن ہے۔ تفصیلی انٹرویو کے لیے کلک کیجیے۔

ستائیس اکتوبر کو مقبوضہ کشمیر، آزاد کشمیر، پاکستان اور غیر ممالک میں پاکستان کے سفارت خانوں میں منائے جانے والے یوم سیاہ کے موقع پر ترکی میں پاکستان کے سفیر سہیل محمود نے وائس آف ٹرکی کو بیان دیتے ہوئے کہا ہے ترکی مسئلہ کشمیر کا جلد از جلد پر امن طریقے سے حل کرنے کا خواہاں ہے۔ ترکی نے ہمیشہ ہی مسئلہ کشمیر کے بارے میں ہونے والے مذاکرات کی حمایت کی ہے۔ ترکی تنظیم اسلامی کانفرنس میں "کشمیر کنٹیکٹ گروپ" کا رکن ہے اور اس کے اجلاسوں میں بڑی باقاعدگی سے شرکت کرتے چلا آیا ہے۔ ترک

عوام اور ترکی کی انسانی حقوق ست متعلق تنظِموں نے ہمیشہ ہی کشمیری عوام کے حق میں اور ان کے حقوق کے لیے آوازیں بلند کی ہیں ۔

ترکی اور پاکستان ایک دوسرے سے قریبی تعاون تعاون کرنے والے دو ممالک ہیں ۔ عالمی پلیٹ فارم میں ترکی اور پاکستان کے تعلقات منفرد حیثیت کے حامل ہیں ۔ یہ تعلقات سیاسی، ثقافت، سماجی، معاشی لحاظ سے ایک الگ ہی مقام رکھتے ہیں ۔ تفصیلات کے لیے سفیر پاکستان کے وائس آف ٹرکی کو دیے گئے انٹرویو کو کلک کیجیے ۔